# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## منتخب جمہوری حکومت کے خلاف رجیم چینج سازش اور نظامِ مملکت کی تباہی کو دو سال مکمل

## پاکستان تحریکِ انصاف نے ان دو برسوں کو ملکی تاریخ کے سیاہ ترین اور تباہ کن ترین سال قرار دے دیا

9اپریل2024

- بیرونی اشاروں اور ذاتی مفادات کے تحت ایک منتخب جمہوری حکومت کے خلاف مکروہ سازش رچا کر پاکستان کی تباہی کے لامحدود سلسلے کی بنیاد ڈالی گئی۔
- ایک منتخب جمہوری حکومت کا تختہ الٹ کر پاکستان میں لاقانونیت، دستور و قانون کی پامالی اور جمہوریت کی کھلی آبروریزی کا سلسلۂ بد شروع کیا گیا۔
- عدلیہ کی آزادی کو ہر سطح پر سلب کرکے ان دو سالوں میں اسے انصاف کے قتل میں مرکزی سہولتکار بنایا گیا۔
- آئین و قانون کی بالادستی پر اصرار کرنے والے ججز کو انتقام کا نشانہ بنایا گیا جبکہ کھلی الزام تراشی، توہین اور تقسیم کے ذریعے عدلیہ کو عملاً غیر مؤثر بنایا گیا۔
- وزیراعظم اور وزیرخزانہ کی جانب سے باضابطہ تنبیہ کے باوجود 6 فیصد سالانہ کی شرح سے ترقی کرتی معیشت کو سیاسی عدمِ استحکام کی بھینٹ چڑھا کر صفر سے نیچے گرایا گیا۔
- ان دو برسوں کے دوران پاکستان سے سیاست و صحافت کی آزادیوں کا جنازہ نکال کر عوام کے ووٹ کے حق کو بار بار پامال، عوامی مینڈیٹ کی کھلی توہین کی گئی۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- دستور کو عملاً غیر متعلّق کرکے ریاست کے تمام وسائل اور اداروں کو قانون کی بجائے ریاست کی صفوں میں موجود آئین بیزار عناصر کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا۔
- ایک بددیانت ترین الیکشن کمیشن کے ذریعے جمہوریت کی روح کو تار تار، عوام کے حقِ نمائندگی و انتخاب کا سلب کرکے سیاسی انجینئرنگ کی شرمناک تاریخ رقم کی گئی۔
- عوام کے بے مثال اعتماد کے حامل سیاسی قائد اور سابق وزیراعظم کو دن دیہاڑے گولیاں مار کر یا عدالتوں میں گھات لگا کر مائنس (قتل) کرنے کی کوششیں کی گئیں اور منصوبہ سازوں کو مکمل ریاستی پناہ و سرپرستی دی گئی۔
- رجیم چینج کے پیچھے موجود اہداف کے حصول میں ناکامی کو 9 مئی جیسے بدنامِ زمانہ فالس فلیگ آپریشن کے ذریعے نئی جہت دینے اور پاکستان کو قانون و دستور سے آزاد ایک جنگل میں بدلنے کیلئے پوری ریاستی قوت اور وسائل جھونکے گئے۔
- جیلوں کو بے گناہ سیاسی کارکنوں اور قائدین سے بھر دیا گیا اور زیرِ حراست تشدد، اغواء برائے بیان اور جبری طلاقوں کے ذریعے سیاست و اقتدار پر ناجائز قبضے کے دام کی کوشش کی گئی۔
- پہلے رجیم چینج سازش اور بعد ازاں 9 مئی کے منصوبہ سازوں سے وقتی قربتوں کا فائدہ اٹھا کر چوروں اور ٹھگوں نے 11 سو ارب کی چوری معاف کروائی اور نیب کو سیاسی انتقام / سیاسی انجینئرنگ کا ریاستی ہتھیار بنایا۔

- 45٪ کو چھوتی بدترین مہنگائی کے بوجھ تلے عوام کو کچل دیا گیا جبکہ صنعت، زراعت، تجارت سمیت ہر شعبے کو تباہ کر کے بیروزگاری، افلاس اور بھوک کو عام کر دیا گیا۔
- خود کفالت اور خود انحصاری کی راہ سے ہٹا کر ملک کو آئی ایم ایف کے قدموں میں ڈال دیا گیا اور ملک و قوم کو اپنی نالائقی اور نااہلیت کی بھینٹ چڑھا دیا گیا۔
- سائفر، سابق وزیراعظم عمران خان پر قاتلانہ حملے، غیر قانونی خفیہ ریکارڈنگز، ارشد شریف کی شہادت اور اسلام آباد ہائیکورٹ کے ججز کی عدالتی امور میں مداخل کے حوالے سے خط سمیت تمام اہم واقعات پر سچ کو چھپایا گیا اور ایسی مذموم حرکتوں سے ذمہ داروں کو محاسبے سے بچایا گیا۔
- وطنِ عزیز کی خودداری اور خودمختاری کا جنازہ نکالتے ہوئے اسے دنیا کی نگاہوں میں بھکاری بنایا اور عالمی طور پر تنہائی کا شکار کیا گیا۔
- بے حمیّتی اور قومی مفاد پر سودے بازی جیسے محرکات کے تحت کشمیر و فلسطین پر اصولی قومی پالیسی سے بیزاری کا اظہار کرتے ہوئے اسرائیل کو تسلیم کرنے، مودی سرکار سے تعلقات بحال کرنے کی خفیہ کوششیں کی گئیں۔
- سرحدوں کو غیر مستحکم کرتے ہوئے ملک دشمنوں اور دہشتگردوں کی ہمت بندھائی گئی اور دہشتگرد حملوں کی تعداد اور شدت میں اضافے کیخلاف کسی قسم کے مؤثر اقدام کی بجائے پولیس، انتظامیہ اور ایجنسیوں کو سیاسی کارکنوں کی پکڑ دھکڑ اور ان کے حقوق چھیننے پر لگایا گیا۔

- 8 فروری کو ووٹ کی پرچی کے ذریعے دیے گئے عوامی مینڈیٹ پر کھلا ڈاکہ ڈال کر منتخب اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کرکے ایوانوں کو ہارے ہوئے فارم 47 زدہ گماشتوں سے بھر دیا گیا۔
- نامکمل ایوانوں سے اپنی مرضی کے ٹاؤٹوں کو منتخب کرواکر صوبائیت اور نسل پرستی کو زندہ، وفاق کو مزید کمزور کرنے کی مجرمانہ کوشش کی گئی۔
- بے پناہ ظلم اور لازوال قربانیوں کے باوجود قوم کا معتبر قائد تھکا ہے نہ ہی اس کے پیچھے کھڑے 24 کروڑ پاکستانی خفیہ و اعلانیہ آمروں کا اقتدار پر قبضہ تسلیم کرکے اپنے حق سے دستبردار ہونے کو تیار ہیں۔
- آئین کو غیر متعلّق کرکے اقتدار پر زبردستی قبضہ جمانے والوں کی راہ روکنے، انہیں دستور کا پابند بنانے اور ان سے اپنا مینڈیٹ اور مستقبل واگزار کروانے کیلئے عوام جلد ایک تاریخی تحریک کیلئے نکل رہے ہیں۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ